## جناح اسپتال لاہور میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کی جانب سے صحافیوں پر تشدد کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔31، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور کے جناح اسپتال میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کی جانب سے کوریج کیلئے جانے والے صحافیوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے آزادی صحافی کے منافی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں پر تشدد میں ملوث ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ڈاکٹرز جیسے معتبر پیشے سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے اور انہیں مغلظات بکنے کا عمل ملک بھر کے شہریوں کیلئے نہ صرف حیران کن بلکہ باعث تشویش بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز کا کام تمام اختلافات کو بلائے طاق رکھ کر عوام کی زندگی بچانا ہے جبکہ یہاں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو رریج کیلئے آنے والے صحافیوں کو گھیر کر نہ صرف بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا، انہیں گندی گندی مغلظات بکیں بلکہ ان کا کیمرے بھی چھین کا توڑ دیئے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ جناح اسپتال لاہور میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کی جانب سے کوریج کیلئے آنے والے صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے اور انہیں مغلظات بکنے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور واقعہ کی غیر جانبدار تحقیقات کرا کر ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا نظریہ ملک کے گوشے گوشے میں رہنے والے عوام کے دلوں میں بس چکا ہے، وسیم آفتاب
## ایم کیو ایم شاہ فیصل اور ملیر سیکٹرز کے کارکنان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔31، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ اور ملک پر 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی عملاً حکمرانی چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی اور ملیر سیکٹرز کے کارکنان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔ جنرل ورکرز اجلاس میں کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، شاہ فیصل کالونی اور ملیر سیکٹر کمیٹیوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے بھی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں وسیم آفتاب نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ ملک کے گوشے گوشے میں رہنے والے عوام کے دلوں میں بس چکا ہے اور ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اپنے کارکنوں کو حق پرستی کا درس دیا ہے اور ان کی تعلیمات کا ہی اثر ہے کہ ان کے کارکنان نے ملک و قوم کی خدمت کو اپنا شعار بنالیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی تربیت کا نتیجہ ہے کہ آج ہماری صف میں شامل کارکنان اپنی صلاحیتوں سے نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں الطاف حسین اور ایم کیو ایم کا نام روشن کر رہے ہیں۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ حالات کی پرواکیے بغیر الطاف حسین کے نظریہ کو فروغ دیں اور انشاءاللہ ایک روز ضرور حق پرستی کی تحریک اپنی منزل پر پہنچے گی۔

## پاکستان میں مظلوموں کی حکمرانی کا سورج طلوع ہونے سے اب کوئی طاقت نہیں روک سکتی، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی
## ایم کیو ایم شکاگو کے تحت 26 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب

شکاگو۔۔۔31، مارچ 2010ء

ایم کیو ایم شمالی امریکہ کے نگرانِ اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو جمہوریت کے قیام اور اس کے روشن مستقبل کیلئے اپنی تمام تر توانائی صرف کر رہی ہے اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کی خاطر ایم کیو ایم کے عملی کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات انہوں نے ایم کیو ایم شکاگو کے تحت ایم کیو ایم یو ایس اے کے 26 ویں یوم تاسیس کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ یوم تاسیس کی تقریب میں شکاگو میں پاکستان قونصلیٹ کے کونسل جنرل ڈاکٹر ارمان رشید، شکاگو کی سیاسی، سماجی، کاروباری، علمی وادبی حلقوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر ایم کیو ایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر کمال ظفر، جوائنٹ آرگنائزر ندیم صدیقی، جنید فہمی اور ایم کیو ایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایم کیو ایم تمام

ترنامناسب حالات کے باوجود پاکستان میں بسنے والی تمام مظلوم قومیتوں کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے جومظالم، ناانصافیوں اور مشکلات سے گزرکرایم کیوایم اب کندن بن چکی ہے اور ملک بھر کے مظلوم عوام بھی ایم کیوایم کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کر چکے ہیں اور ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد و منظّم ہوکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے پر اعتماد کا بھرپور اظہار کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مظلوم عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد کا آغاز کیا تو فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو ملک کے 98 فیصد عوام پر مسلط رکھنے والوں نے ان پر جھوٹے الزامات کی بوچھاڑ کردی لیکن تمام ترظلم وزیادتی کے باوجود ایم کیوایم مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹی اور ملک بھر کے مظلوم عوام کی ایم کیوایم میں جوق در جوق شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ مظلوم عوام اب فرسودہ نظام سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اس ضمن میں ان کی امیدوں کا واحد مرکز ایم کیوایم ہے۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے تقریب میں موجودہ شرکاءکوایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد جلد کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور مظلوموں کی حکمرانی کا سورج طلوع ہونے سے اب کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔

## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون یونٹ مسخر چانگ کی ورکنگ کمیٹی کے رکن غازی خان شاہانی قاتلانہ حملے میں شہید ہوگئے، الطاف حسین کا اظہار افسوس غازی خان شاہانی کی قاتلانہ حملے میں شہادت کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔31،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یارزون یونٹ مسخر چانگ کی ورکنگ کمیٹی کے رکن غازی خان شاہانی ایک قاتلانہ حملے میں شہید ہوگئے۔شہید کی عمر 36 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ، 2 بیٹیاں اور 1 بیٹا شامل ہے۔شہید کو گزشتہ روز درگاہ بھٹ شاہ کے قریب واقع قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان، ایم کوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزونل کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدروں اور شہید کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے غازی خان شاہانی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہ یازون یونٹ مسخر چانگ کی ورکنگ کمیٹی کے رکن غازی خان شاہانی پر قاتلانہ حملے اور بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ غازی خان شاہانی کے قتل میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون یونٹ یوسی 1 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون یونٹ یوسی 1 محراب پور کی یونٹ کمیٹی کے رکن شاہنواز کی والدہ محترمہ حمیدن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆